# چیئرمین جائزہ رپورٹ

معزز حصص داران،

سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ کی کارکردگی میرے لئے باعث مسرت ہے اور انتہائی مسرت کے ساتھ میں مالی سال اختتامیہ 30 ستمبر 2023 سے متعلق مالیاتی دستاویزات اور دیگر معلومات پیش کرنے جارہا ہوں اور بورڈ کی جانب سے مجموعی کارکردگی کو جانچا بھی جائے گا، اس جانچ کے عمل میں کمپنی کے مقاصد، کارپوریٹ اہداف اور حکمت عملی پر مبنی منصوبہ بندی کو مدنظر رکھتے ہوئے بورڈ کی جانب سے ادا کئے جانے والے کردار کے مؤثر ہونے کا جائزہ لیا جائے گا جو کہ کمپنی مشن اور وژن کے مطابق ہے۔

مالی سال 23-2022 کے دوران خام مال کی قیمت میں اضافے، روپے کی قدر میں کمی، کاروباری لاگت میں اضافے، افراط زر میں اضافے، شرح سود میں اضافے، ٹیکس کی پابندیوں اور شوگر ملوں کے مابین گنے کے حصول کیلئے مسابقت جیسے مسائل سے کمپنی بنرد آزما رہی۔ ملوں کے مابین مسابقت کی وجہ سے گنے کی قیمت خرید اور پیداواری لاگت میں اضافہ ہوا۔ زیرنظر مالی سال کے دوران مقامی مارکیٹ میں چینی کی قیمت فروخت میں اضافہ ہوا ہے، نیز حکومت کی جانب سے کوٹے کے تحت چینی برآمد کرنے کی اجازت ملنے کی وجہ سے بھی کمپنی کو کسی حد تک فائدہ ہوا ہے جس کے باعث کمپنی کے نقصانات کا ازالہ ممکن ہوا ہے اور کمپنی کے پاس نقد رقوم کی ترسیل ہوئی ہے۔ مجموعی طور پر اس صورتحال سے پوری صنعت اور ملک کی معیشت کو بھی فائدہ ہوا ہے۔

آپکی کمپنی کی کارکردگی نسبتاً بہتر رہی ہے۔ مسابقت کے اس ماحول میں کمپنی کی جانب سے مضبوط مالیاتی کارکردگی کا مظاہرہ کیا گیا ہے اور اس کے نتیجے میں 132,451 ہزار روپے کا منافع قبل از ٹیکس حاصل کیا گیا ہے، جبکہ گزشتہ مالی سال کے دوران منافع قبل از ٹیکس 70,466 ہزار روپے ریکارڈ کیا گیا تھا، اس طرح گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں زیرنظر مالی سال کے دوران منافع قبل از ٹیکس میں 87.96% کا اضافہ ہوا ہے۔

بورڈ کمپنی کی رواں کاروباری سرگرمیوں سے مکمل طور پر آگاہ ہے جس میں اس کی طاقت اور کمزوریاں دونوں شامل ہیں اور کارکردگی پر نظر رکھنے اور اسے پرکھنے کا ایک جامع نظام موجود ہے۔ بورڈ کی جانب سے کارکردگی کو جانچنے کا عمل مکمل کیا جاچکا ہے، نیز مالی سال 23-2022 سے متعلق چیف ایگزیکٹیو آفیسر کی کارکردگی کی جانچ بھی کرلی گئی ہے اور میں انتہائی مسرت کے ساتھ آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ طے شدہ معیار کے مطابق کی گئی جانچ مجموعی طور پر اطمینان بخش رہی ہے۔

بورڈ کی جانب سے اپنے فرائض منصبی اور ذمہ داریوں کو بخوبی نبھایا گیا ہے، بورڈ کی جانب سے کمپنی کی حکمت عملی اور گورننس کے معاملات میں کمپنی کی بھرپور رہنمائی کی گئی ہے۔ بشمول ڈائریکٹرز، بورڈ کے تمام ممبران کی جانب سے فیصلہ سازی کے عمل میں بورڈ کے اجلاسوں میں بھرپور حصہ لیا ہے۔ بورڈ کی جانب سے ایسی پالیسیاں مرتب کی گئی ہیں جن کے ذریعے نہ صرف بورڈ کی تمام ذمہ داریوں کا اعادہ ہوتا ہے بلکہ ان کے ذریعے کمپنی کے تمام افعال کا احاطہ بھی کیا گیا ہے۔

کمپنی کی رہنمائی اور کنٹرول کے عمل میں بورڈ پر بنیادی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔علاوہ ازیں، بورڈ ممبران کی جانب سے انتہائی اہم امور میں ذمہ داریاں سرانجام دی گئی ہیں جیسا کہ بورڈ کے اجلاسوں میں بھر پور شرکت، کمپنی کی جانب سے تمام قواعد وضوابط اور گورننس کے اصولوں کی پابندی کو یقینی بنانا، اس بات کو یقینی بنانا کہ کمپنی کے تمام اثاثوں کی حفاظت کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں، کمپنی کے کاروباری رسک کی نشاندہی کرنا اور انھیں کنٹرول کرنا، انفارمیشن سسٹم اور حصص داران کیلئے رپورٹنگ کے سسٹم کو قابل اعتماد اور شفاف بنانا وغیرہ شامل ہیں۔

میرا یقین کامل ہے کہ کمپنی ترقی کرے گی اور کمپنی کی حکمت عملی مرتب کرنے میں بورڈ اپنا اہم کردار ادا کرے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کمپنی کی نشوونما اور ترقی میں استقلال پیدا ہو اور کمپنی کے حصص داران کی سرمایہ کاری کی قدر میں اضافہ ہو۔بطور ادارہ، ہم بنیادی اقدار پر عمل پیرا ہونے، بدلتے ہوئے حالات کے تحت خود کو ڈھالنے اور بہتر کاروباری حکمت عملی اپنانے پر یقین رکھتے ہیں اور ان تمام امور میں ایمانداری اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہمارا عزم ہے۔

میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس بات کو ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ کمپنی کے تمام ایگزیکیٹیوز، افسران، اسٹاف ممبران اور ورکرز کمپنی کو سبک رفتاری کے ساتھ آگے بڑھانے میں جس فرض شناسی، محنت اور احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کررہے ہیں وہ لائق تحسین ہے۔اور میں امید کرتا ہو کمپنی کو اسی بارآور بنانے کیلئے ان کا جوش وجذبہ اور اللہ تعالی کی رحمت ہمارے شامل حال رہے گی۔ میں تمام سرکاری عمال، بینکاروں، غیر بینکاری مالیاتی اداروں، ترسیل کاروں اور حصص داروں کا تہہ دل سے ممنون ہوں کہ کمپنی کی بہتری اور خوشحالی کیلئے ان کی حمایت اور تعاون ہمیشہ ہمیں حاصل رہا۔

غلام دستگیر راجڑ

چیئرمین

کراچی: 18 دسمبر 2023ء